## اسلام امن، محبت اور سلامتی کا مذہب ہے، اس میں ڈنڈے اور کلاشنکوف کی کوئی ضرورت نہیں۔الطاف حسین

## حضورؐ نے اسلام کو پھیلانے کیلئے کبھی ڈنڈا یا تلوار نہیں اٹھائی، لال مسجد والے غلط اسلام پیش کرتے ہیں

## تمام مذہبی اقلیتوں کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتے ہیں، خطاب کی مزید تفصیلات

کراچی۔۔۔ 16 اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہم تمام مذہبی اقلیتوں کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتے ہیں اورانہیں ان کے مساوی حقوق دلانا چاہتے ہیں۔انہوں نے یہ بات اتوار کوکراچی میں مذہبی انتہاپسندی کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے نکالی جانے والی تاریخی ریلی سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔خطاب کی مزید تفصیلات کے مطابق جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام کا مطلب سلامتی والا اورامن والا ہے اور جس مذہب کا نام اورمعنے ہی سلامتی اورامن کے ہوں وہاں ڈنڈے اورکلاشنکوف کی کیا ضرورت ہے؟انہوں نے کہا کہ اسلام امن، محبت اور سلامتی کا مذہب ہے اوراس میں ڈنڈے اورکلاشنکوف کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم اس رسولؐ کے ماننے والے ہیں جو محسنِ انسانیت ہیں، جس رسولؐ پر جواوجھڑیاں ، کوڑا پھینکے اس پر بھی شفقت کرنے اوراسکی بیماری میں عیادت کرنے پہنچ جاتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے رسولؐ کی تعلیمات توانسانیت سے پیار ہے۔ہمارے نبیؐ پر جب لال مسجد جیسے شریرلوگوں نے پتھراؤ کیا تو حضرت جبرائیلؑ نے حضورؐ سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسولؐ ! اگر آپ حکم کریں تو ان سب کوفنا کردیں۔حضورؐ لہولہان تھے مگرانہوں نے پتھر برسانے والوں کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ ان لوگوں کو ہدایت دے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضورؐ نے اسلام کو پھیلانے کیلئے کبھی ڈنڈا یا تلوار نہیں اٹھائی۔آپؐ اورصحابہ اکرامؓ پر جب کفار مکہ کا ظلم بڑھ گیا تو آپ نے مدینہ منورہ ہجرت کرلی۔ جب مدینہ میں آپؐ پر کفار کی جانب سے حملہ کیا گیا تو آپؐ نے دفاع کیا حملہ نہیں کیا۔ جناب الطاف حسین نے سوال کیا کہ پانچ مستند امامین امام ابوحنیفہؒ ،امام شافعی، امام مالکؒ ،امام حنبلؒ اورامام جعفر صادقؒ نے کبھی اپنی تعلیمات پھیلانے کیلئے ڈنڈا اٹھایا؟ کبھی انہوں نے کہا کہ صرف میرا فقہ چلے گا اور جو اسے نہیں مانے گا اس کو میں ڈنڈے سے ماروں گا؟ ۔اس پر ریلی میں شریک علمائے کرام اورعوام نے جواب دیا ''نہیں''۔ جناب الطاف حسین نے اس موقع پر قرآن مجید کی مختلف سورتوں کی مختلف آیات کی تلاوت کی اوران کا ترجمہ پیش کیا۔فحش اوراخلاق سوز خبروں کی تشہیر کے بارے میں انہوں نے سورۃ نور کی آیت نمبر 19 پیش کی جس کا ترجمہ تھا، ''جولوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں بے حیائی (یعنی تہمت بدکاری کی خبر) پھیلے ان کی دنیا اورآخرت تم نہیں جانتے''۔اسی حوالے سے انہوں نے سورۃ البروج کی آیت نمبر 10 کا حوالہ دیا کہ '' جن لوگوں نے مومن مردوں اورمومن عورتوں کوتکلیفیں دیں اورتوبہ نہ کی ان کودوزخ کا عذاب بھی ہوگا اور جلنے کا عذاب بھی ہوگا''۔انہوں نے سورۃ المائدہ کی آیت نمبر 105 کی تلاوت اورترجمہ پیش کیا کہ '' اے ایمان والو! اپنی فکر کرو۔ جب تم راہ راست پر چل رہے ہو تو جوشخص گمراہ رہے اس سے تمہارا کوئی نقصان نہیں۔ اللہ ہی کے پاس تم سب کو جانا ہے۔اس قت وہ تم کو تمہارے سب کاموں سے جو (دنیا میں) کئے تھے آگاہ کرے گا (اوران کا بدلہ لے گا)۔یعنی اللہ تعالیٰ ہی فیصلہ کرے گا، یہ کام اللہ تعالیٰ کا ہے نہ کہ لال مسجد والے ڈنڈا بردار شریعت والے منافقین کا۔ مذہبی رواداری کے بارے میں جناب الطاف حسین نے سورۃ الحج کی آیت نمبر 40 کا حوالہ دیا کہ ''اوراگر اللہ لوگوں کوایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو (راہبوں کے) صومعے اور (عیسائیوں کے) گرجے اور (یہودیوں کے) عبادت خانے اور (مسلمانوں کی) مساجد جن میں اللہ کا بہت ساذکر کیا جاتا ہے، گرائی جاچکی ہوتیں۔اور جوشخص اللہ کی مدد کرتا ہے اللہ اس کی مدد ضرور کرتا ہے۔ بے شک اللہ توانا (اور) غالب ہے''۔انہوں نے سورۃ الانعام کی آیت نمبر 108 اوراس کا ترجمہ پیش کیا کہ '' اور جن لوگوں کو یہ مشرک اللہ کے سوا پکارتے ہیں ان کو برا نہ کہنا کہ یہ بھی کہیں اللہ کو بےادبی سے بے سمجھے برا (نہ) کہہ بیٹھیں۔اس طرح ہم نے ہرایک فرقے کے اعمال (ان کی نظروں میں) اچھے کردکھائے ہیں۔ پھران کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے تب وہ ان کو بتائے گا کہ وہ کیا کیا کرتے تھے''۔انہوں نے سورۃ الاعراف کی آیت نمبر 199 پیش کی کہ ''عفوو درگزر اختیار کرواورنیک کام کرنے کا حکم دواور جاہلوں سے کنارہ کرلو''۔اسی بارے میں سورۃ القصص کی آیت نمبر 55 پیش کی کہ ''اور جب بے ہودہ بات سنتے ہیں تواس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے۔تم کو سلام، ہم جاہلوں سے الجھنا نہیں چاہتے''۔سورۃ ہود کی آیت نمبر 121 اوراس کا ترجمہ پیش کیا کہ ''اور جولوگ ایمان لائے ان سے کہہ دیجئے کہ تم اپنی جگہ عمل کئے جاؤ ہم (اپنی جگہ) عمل کئے جاتے ہیں''۔سورۃ القصص کی آیت نمبر 56 کی تلاوت اورترجمہ پیش کیا کہ ''(اے محمدؐ) آپ جسے چاہیں (ان

سب کو ) ہدایت نہیں کر سکتے بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے‘‘ ۔ ایک اور آیت کا ترجمہ پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو لوگ اس بات پسند کرتے ہیں کہ مومنوں پر بدکاری کا الزام لگائیں اور اس کی خوب تشہیر کریں تو ان پر بڑا عذاب ہے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قرآن کا پیغام صاف اور واضح ہے اور لال مسجد والے غلط اسلام پیش کرتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید اپنوں غیروں ہر ایک کیلئے راہ ہدایت ہے ۔

## صرف چند دنوں کے نوٹس پر تمام کارکنوں نے دن رات کام کر کے ریلی کو برصغیر کی تاریخ کی سب سے بڑی عوامی ریلی بنادیا، الطاف حسین
## تاریخی ریلی کی کامیابی پر کارکنان ذمہ داران، ایم کیو ایم کے تمام شعبہ جات اور منتخب نمائندگان کو خراج تحسین

لندن ۔ 16 اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنوں ، ذمہ داروں ، عہدیدادروں ، منتخب نمائندوں ، ماؤں ، بہنوں اور بزرگوں کو ڈنڈا بردار شریعت کے خلاف تاریخی ریلی کی کامیابی پر مبارکباد ، زبردست خراجِ تحسین اور شاباش دی ہے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ صرف چند دنوں کے نوٹس پر تمام کارکنوں ، عہدیداروں ، منتخب نمائندوں ، ماؤں ، بہنوں اور بزرگوں نے جس طرح ریلی کے انتظامات کیلئے دن رات کام کیا اور گلی گلی جا کر عوام سے رابطہ کر کے اس ریلی کو برصغیر کی تاریخ کی سب سے بڑی عوامی ریلی بنادیا جس پر میں اپنے ایک ایک ساتھی ، ماؤں ، بہنوں اور بزرگوں کو شاباش اور اپنا پیار پیش کرتا ہوں ۔ جناب الطاف حسین نے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ، کراچی تنظیمی کمیٹی ، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی ، شعبہ خواتین ، ایلڈر ونگ ، اے پی ایم ایس او ، لیبر ڈویژن ، پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی ، کے ایم او سی ، اقلیتی امور کمیٹی ، علماء کمیٹی ، میڈیکل ایڈ کمیٹی ، لیگل ایڈ کمیٹی ، نائین زیرو ایڈمنسٹریشن کمیٹی ، میڈیا کمیٹی ، نیوز کمیٹی ، وڈیو کمیٹی ، فوٹوگرافک کمیٹی ، زونوں ، سیکٹروں اور یونٹوں کے عہدیداروں ، کارکنوں ، ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں اور ریلی کے انتظامات میں حصہ لینے والی تمام کمیٹیوں کے اراکین اور کارکنان کے علاوہ حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء سینٹرز ، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ، سٹی ناظم ونائب نائب ناظمہ ، ٹاؤن ناظمین ونائب ناظمین ، ڈسٹرکٹ ناظم ونائب ناظم ، تعلقہ ناظمین ونائب ناظمین ، یوسی ناظمین ونائب ناظمین اور کونسلروں کو فرداً فرداً مبارکباد اور خراجِ تحسین پیش کیا ۔ جناب الطاف حسین نے پنجاب ، سرحد ، بلوچستان ، آزاد کشمیر کی نگراں کمیٹی کے اراکین ، پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی ، لاہور آرگنائزنگ کمیٹی ، صوبہ سرحد آرگنائزنگ کمیٹی ، آزاد کشمیر آرگنائزنگ کمیٹی ، بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی اور ملک بھر میں متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنوں ، ماؤں ، بہنوں اور بزرگوں کو بھی تاریخی ریلی کے انعقاد پر مبارکباد پیش کی ہے ۔

## عوام ، کلاشنکوفی شریعت کے علمبرداروں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں ، الطاف حسین
## متحدہ ریلی میں بڑی تعداد میں شرکت پر عوام ، فنکاروں ، شعراء ، ادباء ، دانشوروں ، علمائے کرام ، مذہبی اقلیتوں ، انسانی حقوق کی تنظیموں ، اور مختلف صنعتی ، تجارتی ، سماجی انجمنوں سے اظہار تشکر

لندن ۔ 16 اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے خلاف کراچی میں تاریخی ریلی میں لاکھوں کی تعداد میں شرکت کر کے اس ریلی کو برصغیر کی تاریخ کی سب سے بڑی ریلی بنانے پر عوام ، ماؤں ، بہنوں اور بزرگوں کو زبردست مبارکباد اور خراج تحسین پیش کی ہے ۔ انہوں نے خاص طور پر صوبہ سندھ اور کراچی کے عوام ، ماوں ، بہنوں اور بزرگوں کا دلی شکریہ ادا کیا جنہوں نے شدید گرمی کے باوجود ریلی میں شرکت کر کے ثابت کر دیا کہ پاکستان کے عوام خصوصاً سندھ بھر کے عوام اسلام کے پیغام امن ، پیار ، اعتدال پسندی ، رواداری اور احترام انسانیت پر یقین رکھتے ہیں اور ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے علمبرداروں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح متحد ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے ریلی میں شرکت کرنے والے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام ، دینی مدرسوں کے اراکین ، اقلیتی برادریوں کے مذہبی رہنماؤں ، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان سمیت انسانی حقوق کی تنظیموں ، خواتین کے حقوق کی انجمنوں ، مختلف سماجی وفلاحی تنظیموں ، کاروباری وتجارتی تنظیموں ، اخبارات ، پرنٹ میڈیا ، الیکٹرانک میڈیا کے مالکان ، مدیروں ، صحافیوں ، رپورٹروں ، کیمرہ مینوں ، دانش واروں

، قلمکاروں، شاعروں، ادیبوں، ٹی وی فلم اور اسٹیج کے فنکاروں، آرٹسٹوں کے علاوہ فنکشنل لیگ سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں و کارکنوں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ جناب الطاف حسین نے ریلی میں شرکت کرنے والے عیسائی، ہندو، سکھ، پارسی، یہودی، اسماعیلی اور بوہری برادری سمیت مختلف برادریوں اور اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت پر ان کا بھی دلی شکریہ ادا کیا۔

## متحدہ ریلی کی تاریخ ساز کامیابی پر ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تہنیتی پیغامات کا تانتا پاکستان سمیت دنیا بھر سے فیکس، ای میل، ٹیلی فون اور ایس ایم ایس کے ذریعے تہنیتی پیغامات الطاف حسین کی جدوجہد پاکستان کی بقاء وسلامتی کی ضمانت ہے، تاثرات

لندن۔۔۔16، اپریل 2007ء

ایم کیو ایم کے تحت متحدہ ریلی کی تاریخ ساز کامیابی پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم عوام کی جانب سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں مبارکباد کے پیغامات کا تانتا بنا ہوا اور لوگوں نے ہزاروں کی تعداد میں فیکس، ای میل، ٹیلی فون اور ایس ایم ایس کے ذریعے عظیم الشان ریلی کی تاریخی کامیابی پر جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز ایم کیو ایم کے زیر اہتمام مذہبی انتہاء پسندی اور اسلام آباد میں کلاشنکوفی شریعت کے نفاذ کے خلاف کراچی میں متحدہ ریلی کے انعقاد کا پاکستان بھر کے عوام سمیت امریکہ، کینیڈا، برطانیہ، بیلجیئم، ساؤتھ افریقہ، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور دیگر ممالک میں مقیم عوام کی جانب سے زبردست خیر مقدم کیا جارہا ہے اور ریلی کی عظیم الشان کامیابی پر جناب الطاف حسین کو مبارکباد کے پیغامات ارسال کیے جارہے ہیں جس کے باعث ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تہنیتی پیغامات کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ دنیا بھر سے لوگوں نے فیکس، ای میل، ٹیلی فون اور ایس ایم ایس کے ذریعے مبارکباد کے پیغامات بھیجے اور جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور حق پرستانہ جدوجہد کو پاکستان کی بقاء وسلامتی کی ضمانت قرار دیا ہے۔ پیغامات دینے والوں نے کہا ہے کہ جناب الطاف حسین نے جس طرح نتائج کی پرواہ کیے بغیر اسلام کے نام پر غیر اسلامی، غیر شرعی، غیر آئینی اور غیر انسانی عمل کی کھل کر مخالفت کی ہے اس سے ملک بھر میں مذہبی انتہاء پسندوں کے خوف سے سہمے ہوئے اور خوفزدہ عوام کو زبان مل گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے جامعہ حفصہ اور لال مسجد پر قابض عناصر کے مکروہ عزائم بے نقاب کرکے ایک بڑا کارنامہ انجام دیا ہے اور دنیا بھر پر واضح کردیا ہے کہ دین اسلام، امن وسلامتی کا مذہب ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر اسلام کا نام لیکر دنیا بھر میں دین اسلام کو بدنام کررہے ہیں ان کے مکروہ عزائم سے ملک بھر کے عوام اچھی طرح واقف ہوچکے ہیں اور وہ ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہوکر ملک سے مذہبی انتہاء پسندی، دہشت گردی اور فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔ جناب الطاف حسین کے نام تہنیتی پیغامات ارسال کرنے والوں نے کہا ہے کہ ملک بھر کے عوام جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متفق ہیں اور وہ کسی بھی ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کو کسی بھی قیمت پر قبول نہیں کریں گے۔

## عبدالرشید غازی عوام کو بتائیں کہ انہوں نے کون سی شریعت کے تحت جوان غیر شادی شدہ لڑکیوں کو اپنے مدرسے میں غیر محرموں کے ساتھ رات دن رکھا ہوا ہے؟، سلیم شہزاد عبدالرشید غازی نے 14 اگست کو تخریب کاری اور دہشت گردی کا گھناؤنا منصوبہ بھی بنایا تھا جو پکڑا گیا اور ان پر دہشت گردی کا مقدمہ بھی قائم کیا گیا

لندن۔16 پریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید سلیم شہزاد نے اسلام آباد کی لال مسجد کے مولانا عبدالرشید غازی کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے علمبردار کراچی میں ہونے والی تاریخی ریلی پر بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عبدالرشید غازی کے بارے میں وفاقی وزیر اعجاز الحق میڈیا پر بتاچکے ہیں کہ ان کی گاڑی اسلحہ سمیت رنگے ہاتھوں پکڑی گئی تھی جس کے بعد عبدالرشید غازی نے حکومتی اہلکاروں کے آگے ہاتھ پیر جوڑے، معافی نامہ لکھ کر دیا کہ وہ آئندہ کوئی غیر قانونی اور مجرمانہ حرکت نہیں کریں گے۔ سید سلیم شہزاد نے کہا کہ عبدالرشید غازی نے 14 اگست کو تخریب کاری اور دہشت گردی کا

گھناؤنا منصوبہ بھی بنایا تھا جو پکڑا گیا اورعبدالرشید غازی پر دہشت گردی کا مقدمہ بھی قائم کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ جوشخص خود دہشت گردیوں اور مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث رہا ہے وہ کس منہ سے شریعت کی بات کرسکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ عبدالرشید غازی عوام کو بتائیں کہ انہوں نے کون سی شریعت کے تحت جوان غیرشادی شدہ لڑکیوں کو اپنے مدرسے میں غیرمحرموں کے ساتھ رات دن رکھا ہوا ہے؟ سیدسلیم شہزاد نے کہا کہ عبدالرشید غازی نے ناجائز زمین پر قبضہ کرکے مسجد اور مدرسہ بنا رکھا ہے اوراس ناجائز اور غیرشرعی عمل پر عبدالرشید غازی پر وفاقی شرعی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے۔

## تاریخی ریلی کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے لیڈروں کی دماغی حالت خراب ہوچکی ہے، جاوید کاظمی، محمد اشفاق
## جماعت لیڈر عوام کو بتائیں کہ سینئر ہونے کے باوجود آج تک پروفیسر غفور احمد کو جماعت اسلامی کا امیر کیوں نہیں بنایا گیا؟

لندن۔16اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید جاوید کاظمی اور محمد اشفاق نے کہا ہے کہ ڈانڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے خلاف کراچی میں تاریخی ریلی کے انعقاد پر جماعت اسلامی کے لیڈروں کی دماغی حالت خراب ہوچکی ہے اسلئے جماعت اسلامی کے ان لیڈروں کا گدو بندر میں علاج کروایا جائے۔انہوں نے کہا کہ دماغی حالت کا خراب ہونا اور پاگل پن کے دورے ان جماعتی لیڈروں پر اللہ کا عذاب ہے جو ان کے کرتوتوں کی وجہ سے نازل ہوا ہے۔جاوید کاظمی اور محمد اشفاق نے کہا کہ جب جماعتی لیڈروں کی دماغی حالت ٹھیک ہوجائے تو وہ عوام کو بتائیں کہ اگر وہ ڈنڈا بردار کلاشنکوفی شریعت کے حامی ہیں تو کھل کر اس کا اعلان کریں اور یہ بھی بتائیں کہ سب سے سینئر ہونے کے باوجود آج تک پروفیسر غفور احمد کو جماعت اسلامی کا امیر کیوں نہیں بنایا گیا؟

## متحدہ قومی موومنٹ کی تاریخی ریلی کی ملکی اور غیرملکی الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر غیر معمولی کوریج
## تین ٹی وی چینلز نے الطاف حسین کے خطاب کو براہ راست نشر کیا، کئی اخبارات نے شہ سرخیوں میں خبر نشر کی
## سی این این، بی بی سی ورلڈ اور اے بی سی انٹرنیشنل نے اپنے بلیٹن میں ریلی کی خبر نشر کی
## امریکہ، برطانیہ، جرمنی، نیوزی لینڈ، دیگر یورپی اور خلیجی ممالک کے اخبارات نے ریلی کی خبر تصویر کے ساتھ شائع کی

لندن۔۔۔16 اپریل2007ء

مذہبی انتہاپسندی کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے اتوار کو کراچی میں ہونے والی تاریخی ریلی کی ملکی اور غیرملکی الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا نے غیرمعمولی کوریج کی ہے۔ پاکستان کے تین ٹی وی چینلز جیو، اے آر وائی اور میٹرو چینلز نے تاریخی ریلی سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے ٹیلیفونک خطاب کو براہ راست نشر کیا جبکہ دیگر اردو، سندھی اور پنجابی زبان کے ٹی وی چینلز نے ریلی کی خبروں کو نمایاں طور پر نشر کیا۔ پاکستان کے تقریباً تمام ہی اردو، انگریزی، سندھی، پنجابی اور پشتو زبان کے خبارات نے مذہبی انتہاپسندی کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کی اس تاریخی ریلی کی خبروں کو نمایاں طور پر شائع کیا۔کئی اخبارات نے ریلی سے جناب الطاف حسین کے خطاب کو شہ سرخیوں کے ساتھ شائع کیا ہے، جبکہ ریلی سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، علمائے کرام اور دیگر شرکاء کے خطاب، ریلی کی جھلکیاں، دیگر تفصیلات اور ریلی کی کئی تصاویر نمایاں طور پر شائع کی ہیں۔ مذہبی انتہاپسندی کے خلاف کراچی میں ہونیوالی متحدہ قومی موومنٹ کی اس تاریخی ریلی کی غیرملکی الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا نے بھی بھرپور کوریج کی ہے۔سی این این، بی بی سی ورلڈ اور اے بی سی انٹرنیشنل نے اپنے بلیٹن میں ایم کیوایم کی اس ریلی کی خبر کو نشر کیا ہے۔امریکی خبر رساں ادارے اے پی اور برطانوی خبر رساں ادارے رائٹر نے بھی اس تاریخی ریلی کی خبر جاری کی ہے جبکہ امریکہ، برطانیہ، جرمنی، نیوزی لینڈ، دیگر یورپی اور خلیجی ممالک کے اخبارات نے بھی مذہبی انتہاپسندی کے خلاف ایم کیوایم کی اس تاریخی ریلی کی خبروں کو تصاویر کے ساتھ شائع کیا ہے۔جن میں امریکی اخبارات نیویارک ٹائمز، واشنگٹن پوسٹ، یو ایس اے ٹوڈے، شکاگو ٹریبیون، دی گلوب، ایس ایف گیٹ، اسٹار لیجنڈ، برطانیہ کے اخبارات گارڈین، دی نیوز انٹرنیشنل، بی بی سی اردو، خلیجی ممالک کے اخبارات گلف نیوز، خلیج ٹائمز، عرب نیوز اور دیگر اخبارات شامل ہیں۔اس کے علاوہ بی بی سی اردو ڈاٹ کام اور کرون ڈاٹ کام سمیت مختلف ممالک سے ویب سائٹ پر چلنے والے اخبارات نے بھی ایم کیوایم کی ریلی کی خبروں کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

## میر پورخاص زون کے کارکن محمد راشد ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے
## تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت

کراچی۔۔۔16/اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ میر پورخاص زون یونٹ 4/B کے جواں سال کارکن محمد راشد ولد محمد رفیق گذشتہ رات ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے ۔(اناللہ وانااللہ راجعون)۔مرحوم میر پورخاص کے رہائشی تھے اور ایم کیوایم کے تحت متحدہ ریلی میں شرکت کی غرض سے کراچی آئے تھے اور گزشتہ رات کراچی میں ٹریفک حادثے میں زخمی ہوگئے تھے۔زخمی کو ایم کیوایم کے کارکنان کی جانب سے فوری طور پر مقامی اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکے اور انتقال کرگئے ۔مرحوم کی عمر 26 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے ۔مرحوم ایم کیوایم کے سرگرم کارکن تھے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ،دو بیٹیاں،ایک بیٹا،والدین اور دو بھائی شامل ہیں۔دریں اثناء محمد راشد مرحوم کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان ان کے آبائی شہر میر پورخاص کے قبرستان سپرد خاک کردیا گیا ۔نماز جنازہ اور تدفین میں صوبائی مشیر ڈاکٹر ایوب شیخ،حق پرست رکن سندھ اسمبلی اسلم پرویز،ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان،میر پورخاص زون کے ارکان،سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## میر پورخاص زون کے کارکن محمد راشد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔16/اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں ایم کیوایم میر پورخاص زون کے کارکن محمد راشد کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد راشد مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد راشد مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کارکن محمد راشد،سارہ بی بی اور امینہ بی بی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔16/اپریل 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ایم کیوایم میر پورخاص زون یونٹ 4/B کے کارکن محمد راشد،ایم کیوایم اولڈ ملیر کے کارکنان محمد سرور بلوچ اور محمد اکرم بلوچ کی والدہ سارہ بی بی اور ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 112 کی یونٹ کمیٹی رکن سید احمد کی والدہ امینہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور تمام سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆